مارچ2026ء میں کاشتکاروں کیلئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہِ فروری میں ملک کے بیشتر زرعی میدانوں میں معمول سے کم بارشیں ہوئیں جس کی وجہ سے فصلوں کو آبپاشی کی ضرورت رہی۔مارچ کے مہینے میں درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے۔مارچ2026 کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بلخصوص بالائی پنجاب، خیبر پختونخواہ، کشمیر، گلگت بلتستان اور شمال مغربی بلوچستان میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔

اس ماہ میں کسانوں سے مندرجہ ذیل اقدامات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔

ا۔ مارچ کے دوران پنجاب کے زرعی میدانوں میں گندم کی فصل پکنے کے مراحل میں ہوگی تاہم سندھ میں کٹائی کا آغاز ہو جائے گا۔ جنوبی علاقوں کے کسان حضرات اپنی فصلوں کی کٹائی / گہائی کے پروگرام محکمہ موسمیات کی پیشگوئیوں کے مطابق ترتیب دیں تاکہ کسی متوقع نقصان سے بچا جاسکے ۔

۲۔مارچ کے مہینے میں درجہ حرارت ماہ فروری کی نسبت کافی حد تک بڑھ جاتے ہیں۔ جس کے نتیجہ میں فصل کی نشوونما میں بھی تیزی آجاتی ہے۔ شمالی پہاڑی علاقوں میں شدید سردی کی وجہ سے گندم کی فصل کی نشوونما سست تھی جو اب بہتر ہو جائے گی۔ کوئٹہ میں گندم فروری کے مہینے میں بوٹا کرنے کے مرحلے میں تھی جو کہ مارچ کے مہینے میں تنا بنانے کے مرحلے میں داخل ہو جائے گی۔ مارچ میں درجہ حرارت بڑھنے سے میدانی علاقوں بلخصوص پنجاب میں فصل کی پانی کی ضرورت میں بھی اضافہ متوقع ہے۔ اس صورتحال میں کسان حضرات محکمہ زراعت کے مشورے سے بروقت آبپاشی کریں۔

۳۔ بارشوں کی وجہ سے جڑی بوٹیوں کے اگنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ تاہم جڑی بوٹیاں فصل کے پودوں سے عموماً زیادہ پانی استعمال کرتی ہیں اس لئے جڑی بوٹیوں کا کھیت سے خاتمہ اشد ضروری ہے۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے محکمہ زراعت کی سفارش کردہ مختلف کیمیائی ادویات استعمال کی جاسکتی ہیں۔ اگر کیمیائی طریقے سے ممکن نہ ہو تو ہاتھ سے جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ماہرین زراعت اگر کھاد کے استعمال کا مشورہ دیں تو بارانی علاقوں کے کاشتکار بارش کی پیشگوئی سے ایک دن قبل کھیتوں میں کھاد ڈال دیں۔

۴۔کسان حضرات محکمہ موسمیات کے یوٹیوب چینل(PMD weatherTV)،ویب سائٹ اور ایپ(PAK weather)سے منسلک رہیں۔اگر کوئی زرعی موسمیاتی رہنمائی درکار ہو تو ہمارے مندرجہ ذیل دفاتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ا۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔بکس نمبر1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔فون نمبر:051-9250299

۲۔ نیشنل ویدر فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔بکس،1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔فون نمبر: 051 -9250363 -4

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔فون نمبر: 0305-3097337

٦۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔فون نمبر: 081-9211205

ویب سائٹ: www.pmd.gov.pk

یوٹیوب چینل: https://www.youtube.com/@PMDweatherTV

ایپ: https://play.google.com/store/apps/details?id=pmd.gov.pakistanweather&hl=en